PM to deliver keynote address at India Ideas Summit on 22 July

July 21, 2020

وزیر اعظم 22 جولائی کو انڈیا آئیڈیاز سمٹ میں کلیدی خطاب کریں گے

21 جولائی، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی 22 جولائی کو انڈیا آئیڈیاز سمٹ میں کلیدی خطاب کریں گے۔

اس سمٹ اجلاس کی میزبانی امریکہ - بھارت بزنس کونسل کر رہی ہے۔ اس سال کونسل کے قیام کی 45 ویں سالگرہ منائی جارہی ہے۔ اس سال کے انڈیا آئیڈیاز سمٹ کا مرکزی موضوع "ایک بہتر مستقبل کی تعمیر" ہے۔

اس ورچوول سمٹ میں بھارتی اور امریکی حکومت کے پالیسی سازوں، ریاستی سطح کے افسران، کاروبار اور سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے فکری رہنماؤں کی اعلی سطحی موجودگی ہو گی۔ سمٹ کے دیگر اہم مقررین میں وزیر برائے امور خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر، امریکی وزیر خارجہ مسٹر مائک پومپیو، ورجینیا کے سینیٹر اور سینیٹ انڈیا کوکس کے شریک چیئر جناب مارک وارنر، اقوام متحدہ میں سابق امریکی سفیر محترمہ نکی ہیلے کے علاوہ دوسرے افسران شامل ہوں گے۔ اس سمٹ میں بھارت – امریکہ تعاون اور وبائی مرض کے بعد کی دنیا میں دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کے مستقبل سمیت کئی شعبوں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

نئی دہلی

21 جولائی، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.